
# SMART CITIES میگزین

جنگ

ستمبر۔اکتوبر:2023

We are Building A Smart Pakistan

اشاعت: 01

# کیپیٹل سمارٹ سٹی

## 8 ویں ایس آئی پی پلاننگ ایوارڈز 2023 میں کامیابی صلاحیتوں کے عالمی اعتراف کا ثبوت

کیپٹل اسمارٹ سٹی پاکستان میں نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے قریب واقع ایک شاندار رئیل اسٹیٹ اربن ڈویلپمنٹ پراجیکٹ ہے۔یہ ملک کا پہلا سمارٹ سٹی ہے جو بہترین شہری زندگی کی خوبصورت مثال اور دوسروں کے لیے مشعل راہ بننے جا رہا ہے۔

شہری زندگی کو نئے اور جدید انداز میں پیش کرتے تعمیراتی جدت کے شاہکار اس منصوبے، کیپٹل سمارٹ سٹی کی 8 ویں ایس آئی پی (سنگاپور انسٹی ٹیوٹ آف پلانرز) ایوارڈز 2023 میں شاندار کامیابی اور سلور ایوارڈ کا حصول ادارے کی صلاحیتوں کے عالمی اعتراف کے ساتھ ایک اہم سنگ میل بھی ہے۔مقابلے میں شامل دنیا بھر کے 82 اداروں میں سے کیپٹل سمارٹ سٹی کا انتخاب کسی اعزاز سے کم نہیں۔یہ کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ کیپٹل سمارٹ سٹی کا ماسٹر پلان شاندار فن تعمیر اور جدید خصوصیات کا حامل ہے، جسے سربانہ جورانگ جیسی عالمی شہرت یافتہ کمپنی نے انتہائی احتیاط سے تشکیل دیا۔

ایوارڈ کا حصول اس لحاظ سے بھی اہم تھا کہ مقابلے میں شامل ہر ادارہ اپنی مہارت اور قابلیت کی بنیاد پر ایک سے بڑھ کر ایک تھا۔سخت مقابلے کے بعد ججز نے سمارٹ سٹی کے ماسٹر پلان کو ان الفاظ میں سب سے بہتر اور کامیاب قرار دیا" یہ انتہائی خوبصورتی سے مرتب کیا گیا جدید اور بہترین تخلیق کا حامل ماسٹر پلان ہے۔ ہر لحاظ سے مکمل اور حقائق پر مبنی منصوبے کے طور پر اس شاہکار میں وقت اور حالات کے مطابق نئی جہتوں کو خوبصورتی سے شامل کیا گیا ہے، جس میں انسانی اور مالی وسائل کی ترقی و دلچسپی کا بھرپور خیال رکھا گیا ہے"۔

کیپٹل سمارٹ سٹی کی یہ کامیابی اس لحاظ سے بھی منفرد ہے کہ یہ ایشیاء کا پہلا ادارہ ہے جس نے یہ اعزاز حاصل کیا۔

ایوارڈ کا حصول منصوبے میں شامل ذمہ دار اور با بصیرت ٹیم کی قابلیت کے اعتراف کے ساتھ، اس غیر متزلزل عزم کا عکاس بھی ہے جس کی بنا پر ایسا عظیم منصوبہ تخلیق پایا۔

ایس آئی پی پلاننگ ایوارڈز 2023 کے دوران ادارے کے ماسٹر پلان کی خصوصیات نے ججز کو اس قدر متاثر کیا کہ ان کا فیصلہ کیپٹل سمارٹ سٹی کے حق میں رہا۔جدت، پائیداری اور شہری منصوبہ بندی کو انتہائی محتاط انداز میں قدرتی خوبصورتی سے ہم آہنگ کرنا ہی کیپٹل سمارٹ سٹی کے ماسٹر پلان کا طرہ امتیاز ہے۔اپنے ہم عصروں کے درمیان انتہائی سخت مقابلے کے دوران، کیپٹل سمارٹ سٹی کا منصوبہ ہر پہلو پر توجہ اور مستقبل سے ہم آہنگی کی ایسی روشن مثال بن کر ابھرا، جس نے اربن ڈویلپمنٹ کے تصور کو نئی جہتوں سے آشنا کرتے ہوئے سب کو حیران کر دیا۔

اس کامیابی کا سہرا خدا کی رحمت کے بعد انتہائی قابل ٹیم اور سربانہ جورانگ جیسی عالمی شہرت یافتہ کمپنی کی قابلیت اور محنت کے سر جاتا ہے۔سربانہ جورانگ وہ ادارہ ہے جس کو شہری ترقی، بنیادی ڈھانچہ کی تیاری اور مربوط مشاورتی خدمات کے حوالے سے دنیا بھر میں قابل قدر مقام حاصل ہے۔کیپٹل سمارٹ سٹی اور سربانہ جورانگ کا اشتراک رہائش کے لیے سازگار اور حقیقی ماحول کی تشکیل و تکمیل کی بنیاد پر قائم ہوا۔

کیپٹل سمارٹ سٹی کی کامیابیوں کا سفر تعمیراتی جدت اور شہری ترقی کی دنیا میں ان لامحدود امکانات سے جڑا ہے جو روشن اور پائیدار کل کی راہ ہموار کریں گے۔ادارے کا یہ اعزاز ملک و قوم کے لیے بھی بہتر مستقبل کی روشن نوید لے کر آیا ہے۔



# سمارٹ سٹی کیا ہے؟



خصوصی انٹرویو

## جہانزیب زاہد

(مینجنگ ڈائریکٹر)



18- ہول
پی جی اے سٹینڈرڈ
گالف کورس



خصوصی انٹرویو

## محمد اسلم ملک

(گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر)

## خدمات اور کامیابیاں


SMART CITIES میگزین

We are Building A Smart Pakistan

## TEAM SMART CITY

**چیئرمین (FDHL)**
زاہد رفیق

**مینجنگ ڈائریکٹر**
جہانزیب زاہد

**گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر**
محمد اسلم ملک

**ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ**
مجیب احمد خان

**ڈیزائن اینڈ کانٹینٹ**
Creative Department
Linkers Advertising

**فوٹوگرافی**
Media PR Smart Cities

**ویب سائٹ**
www.smartcitypk.com
www.lahoresmartcitypk.com

**سوشل میڈیا**
/smartcitypk | /lahoresmartcitypk
/smartcitypak | /lahoresmartcity
/smartcitypk1 | /lahoresmartcity
capitalsmartcity




SMART CITIES میگزین

اشاعت: 02
ستمبر۔اکتوبر:2023

اپنے اشتہارات
کی بکنگ کے لیے
رابطہ کریں!

نوٹ: میگزین کے اشتہارات صرف سمارٹ سٹیز پارٹنرز ہی دے سکتے ہیں۔

GM Media & PR
+92 333 5202900



# ایک نئی جہت

سمارٹ سٹی کا تصور عہد حاضر میں ترقی کی وہ اُڑان ہے جو آنے والے دنوں میں آپ کی زندگی کا لازمی جزو بننے جا رہا ہے، ایسے میں کل پہ نظر آج سے عمل کے مصداق دنیا بھر کی طرح پاکستان کے چند مستقبل شناس روشن دماغوں نے اس حقیقت کو بھانپ لیا اور پاکستان کو ان ممالک کی صف میں لا کھڑا کرنے کی ٹھانی جو ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے والے معاشروں کی دوڑ میں شامل ہو چکے ہیں۔ سمارٹ سٹیز دراصل بے پناہ آبادی اور معاشی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والے مسائل کو ٹیکنالوجی اور سوچ میں ڈھال کر شہری زندگی میں آسانی لانے کا نام ہے۔

## سمارٹ سٹی کا تاریخی تصور

مستقبل کے سمارٹ شہروں کا ابتدائی تصور یوٹوپیائی طرز کا تھا۔ سمارٹ شہروں کا خیال اور وجود نسبتاً نیا ہے۔ "وائرڈ سٹیز" اور "انٹیلی جنٹ سٹیز" کی راہ پر چلتے ہوئے، انسان نے سمارٹ سٹی کے تصور کو شہری مسائل کے حل کے حوالے سے ٹیکنالوجی سے جوڑ دیا۔ 1960 کی دہائی کے آخر میں لاس اینجلس میں کمیونٹی اینالیسس بیورو کی جانب سے کمپیوٹرائزڈ شماریاتی تجزیات کا آغاز اور 1981 میں سنگاپور کے نیشنل کمپیوٹر بورڈ کا قیام شہری منصوبہ بندی کی بنیاد بنا، 1960 اور 1970 کی دہائیوں میں جب یو ایس کمیونٹی اینالیسس بیورو نے ڈیٹا کے حصول، براہ راست وسائل اور رپورٹس جاری کرنے کے لیے ڈیٹا بیس، ایئریل فوٹو گرافی اور کلسٹر اینالسز کا سہارا لیا تاکہ خدمات کی فوری فراہمی، آفات کے نقصانات سے بچاؤ اور غربت میں کمی کا مقصد حاصل کیا جا سکے، تو یہی سمارٹ سٹیز کی بنیاد تھی۔

یہ سمارٹ سٹی کا ابتدائی مرحلہ تھا جب ٹیکنالوجی کا کنٹرول اسکے ماہرین کے ہاتھ میں تھا جس نے دنیا کو بتایا کہ روزمرہ زندگی میں ٹیکنالوجی کے کیا اثرات ہو سکتے ہیں۔ دوسرے مرحلے میں ماہرین کی جگہ شہری منتظمین نے لے لی اور جائزہ لیا گیا کہ سمارٹ شہر کی بنیاد رکھتے ہوئے کیسے معاشی سہولیات کو ٹیکنالوجی سے جوڑ کر نتائج حاصل کیے جائیں۔ اس عمل کے تیسرے مرحلے میں ماہرین اور منتظمین کی جگہ ٹیکنالوجی نے لے لی اور خود ہی ڈیٹا کی بنیاد پر شہر اور شہریوں کو مل کر ایک نمونے میں ڈھالا یوں عوامی شمولیت کے ذریعے سماجی انضمام کو ترتیب دیا گیا، یہی آگے چل کر جدید سمارٹ سٹیز کی بنیاد بنا۔

آئی بی ایم (جس کا شمار 1897 میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کے محکمہ مردم شماری کے لیے آبادی سے متعلق اعداد و شمار کے حصول کے لیے مکینیکل ٹیبلیشن کے طریقہ کار کے موجدین میں ہوتا ہے) نے 2008 میں اپنے "سمارٹر سٹیز" کی مارکیٹنگ کا آغاز کیا۔ 2010 میں، ایک ادارے سسکو سسٹمز، کلنٹن فاؤنڈیشن نے سان فرانسسکو، ایمسٹرڈیم، اور سیئول کے ساتھ مل کر 25 ملین ڈالر کے مربوط شہری ترقیاتی پروگرام کی بنیاد رکھی۔ اسی طرح 2011 میں بارسلونا میں سمارٹ سٹی ایکسپو ورلڈ کانگریس کا انعقاد کیا گیا جس میں 50 ممالک سے 6000 افراد نے شرکت کی۔ یورپی کمیشن نے 2012 میں سمارٹ سٹیز مارکیٹ قائم کی، جو یورپی یونین کا اس حوالے سے بنیادی اقدام ہے۔ برطانیہ میں 2015 کے بجٹ میں سمارٹ شہروں اور انٹرنیٹ آف تھنگز (IoT) کی ترقی کے لیے 140 ملین پاؤنڈ کی سرمایہ کاری کی تجویز دی گئی۔

یوں ہم کہ سکتے ہیں کہ سمارٹ سٹی ایک وسیع ارتقائی عمل کا نتیجہ ہے

## سمارٹ سٹی کیا ہے؟

سمارٹ سٹی، جیسا کہ اس کے نام ہی سے ظاہر ہے کہ ایک ایسا شہر ہے جہاں ہر طرف سہولتوں اور آسائشوں کا جال تو بچھا ہو گا مگر ان سب کو ٹیکنالوجی سے یوں جوڑ دیا جاتا ہے کہ انسانی زندگی میں آسانیاں ہی آسانیاں پیدا ہوں۔ جب تخلیقی خوبصورتی ٹیکنالوجی کے رنگ میں ڈھلتی ہے تو انسانی زندگی کو ترقی و آسودگی کی ایک نئی راہ ملتی ہے۔ سمارٹ سٹی کے اصول کی بنیاد انفارمیشن ٹیکنالوجی، انٹرنیٹ اور مختلف سینسرز پر رکھی جاتی ہے جو شہر کو سمارٹ بناتے ہیں۔ عصرِ حاضر میں شہری زندگی کے انداز تبدیل ہو رہے ہیں۔ آج لوگوں کے پاس وقت کم اور کام زیادہ ہے حالات کی تیزی اور بدلاو کو دیکھتے ہوئے ہمیں ان مشکلات سے نکالنے والی قوت رب کی ذات کے بعد ٹیکنالوجی کا موثر استعمال ہی ہے۔ اسی طرح ٹیکنالوجی میں نئی جہتوں کی بدولت سمارٹ سٹیز کا مفہوم بھی دن بدن پھیلتا جا رہا ہے۔ سمارٹ سٹی کے معاشرتی، اقتصادی اور ماحولیاتی پہلوؤں پر مبنی یہ مفہوم ہمیں ایک نئی راہ دیکھاتا ہے جس میں شہری زندگی کے مسائل کا حل موجود ہے۔

سمارٹ سٹی سے مراد وہ شہر ہے جو سسٹین ایبلٹی کے تصور پر پورا اترتا ہو یعنی ایک ایسا شہر جس میں دی جانے والی سہولیات شہریوں کو مسلسل ملتی رہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ جو سہولیات شہر کے آغاز میں شہریوں سے وعدہ کی گئیں ان کی ہمیشہ کے لیے دستیابی اور تسلسل کو یقینی بنایا جائے۔

## شہری زندگی کا نیا تصور

جدید معاشرتی نظام کے قیام کے حوالے سے سمارٹ سٹیز ایک اہم سنگ میل ہیں۔ ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ کی مدد سے عوام کی زندگی کو آسان اور بہتر بنانے کی کوشش کا نام سمارٹ سٹیز کا قیام ہے۔ یہ ایسے شہر ہیں جہاں ٹیکنالوجی کو شہری سرگرمیوں کو آسان، سستا، ترقی یافتہ اور بہتر سے بہترین بنانے کے مقصد کے تحت استعمال کیا جاتا ہے۔ سمارٹ سٹی کی کامیابی میں مختلف پہلو کارفرما ہوتے ہیں جن میں انتظامیہ، ٹیکنالوجی کمپنیاں اور عوام شامل ہیں۔ یہاں تمام خدمات و سہولیات کی کارکردگی اور انتظام پر کڑی نظر رکھی جاتی ہے تاکہ شہریوں کی زندگی کو سہل بنایا جائے۔

## سمارٹ سٹی کے مختلف پہلو

تعلیم: ایک سمارٹ سٹی تعلیمی ترقی کو اولین ترجیح دیتے ہوئے نظام تعلیم کو بڑی خوبصورتی سے ٹیکنالوجی کے ساتھ منسلک کر دیتا ہے تاکہ معلومات کا تبادلہ آسان، بروقت اور تیز ترین ہو سکے۔ اس میں آن لائن تعلیم، ڈیجیٹل لائبریریاں اور تعلیمی حلقوں کا قیام شامل ہے۔ تاکہ ایک دوسرے کے تعلیمی تجربات اور نئی جہتوں سے باہمی تبادلے کی بنیاد پر فائدہ اٹھایا جا سکے۔

ہے۔ ان میں آن لائن معائنے، مراکز صحت کی نشاندہی



**صحت:** سمارٹ سٹی صحت کی خدمات کو موثر اور کار آمد و معیاری بناتا ہے۔ ان میں آن لائن معائنے، مراکز صحت کی نشاندہی اور معلومات پر مبنی اقدامات شامل ہیں جو علاج کی سہولیات کی آسان دستیابی، بہتر رسائی، مناسب لاگت اور ہمہ وقت پہنچ کی بنیاد پر عوام کی صحت کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

**مواصلات:** سمارٹ سٹیز میں جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال کی بدولت مواصلات کا نظام بہتر ہوتا ہے۔ آسانی پر مبنی اقدامات اور ایکوپمنٹ، معلومات میں تیزی اور مواصلاتی طریقوں میں جدت کا عنصر سمارٹ سٹیز کی خصوصیت ہے۔

**موثر انتظامات:** سمارٹ سٹیز عوام کی زندگی کو منظّم کرنے کیلئے ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہیں۔ معاشی نظام، شہری انتظام اور حکومتی خدمات پر توجہ ان کی خصوصیات ہیں۔

## انفارمیشن ٹیکنالوجی کا استعمال

سمارٹ سٹیز کی بنیاد انفارمیشن ٹیکنالوجی پر ہے جو معلومات کی مربوط، منظّم اور فوری منتقلی کا موثر ترین ذریعہ ہے۔ ٹیکنالوجی ہی ایسے معاشرے کا قیام ممکن بناتی ہے جہاں پر تمام معلومات اور خدمات ایک ہی جگہ سے اور فوری طور پر حاصل کی جا سکیں۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذریعے شہری انتظامیہ عوام کی ضروریات کو بہتر طریقے سے سمجھ سکتی ہے اور موثر انداز میں کارکردگی کو بڑھا سکتی ہے۔

## انٹرنیٹ کی ترسیل

انٹرنیٹ کی موجودگی سمارٹ سٹی کی کامیابی کے لئے بنیادی حیثیت کی حامل ہے۔ انٹرنیٹ کی رفتار اور آسان رسائی کی بدولت شہری کسی بھی وقت کسی بھی مقام سے معلومات انتہائی برق رفتاری سے حاصل کر سکتے ہیں۔ انٹرنیٹ کی ترسیل کی وجہ سے تعلیم، کاروبار اور روزمرہ زندگی میں بھی آسانیاں پیدا ہوتی ہیں۔

## سینسرز کا استعمال

سمارٹ سٹی میں مختلف سینسرز کا استعمال کیا جاتا ہے جو شہر کے مختلف حصوں کی معلومات کو جمع کرتے ہیں مثلاً ٹریفک سینسرز ٹریفک کی رفتار اور حرکت کو منظّم کرتے ہیں۔ ماحولیاتی سینسرز حفاظت کے لیے ماحول سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔

## خدمات تک رسائی

سمارٹ سٹیز میں مختلف خدمات تک رسائی بہتر انداز میں ممکن بنائی جاتی ہے تا کہ شہریوں کی زندگی میں سہولت پیدا کی جائے۔ تعلیمی اداروں، صحت کی دیکھ بھال، ماحولیاتی تحفظ اور حکومتی خدمات تک رسائی کے لئے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

## ماحولیاتی تحفظ

سمارٹ سٹی کے تصور میں ماحولیاتی تحفظ بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے برقی توانائی کا استعمال کم سے کم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے قدرتی روشنی کو کام میں لایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، مخصوص سینسرز کے ذریعے توانائی کے تصرف میں کمی سے ٹمپریچر کو مناسب رکھتے ہوئے ماحول سازگار بنایا جاتا ہے۔

## اقتصادی میدان

سمارٹ سٹی میں اقتصادی ترقی کو بھی فروغ حاصل ہوتا ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی بدولت کاروبار اور تجارت کو بیرونی دنیا سے جوڑ کر مقامی سہولیات میں بہتری اور آسانی لاتے ہوئے بین الاقوامی کاروباری مواقع بڑھائے جاتے ہیں یوں، مختلف صنعتوں کو ترقی کا موقع ملتا ہے جس سے شہری معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

## سہولیات اور آسانیاں

سمارٹ سٹی کے مفہوم میں انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو بہتر بنانے کا عزم پوشیدہ ہوتا ہے، جس میں تعلیم، صحت، کاروبار، ماحولیاتی تحفظ اور اقتصادی ترقی میں بہتری کے عوامل نمایاں ہوتے ہیں۔

## پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی

پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی یعنی کیپٹل سمارٹ سٹی اس تیسرے مرحلے کی حقیقت ہے جہاں افراد اور سمارٹ ٹیکنالوجی کے اشتراک سے شہری زندگی کے مختلف حل ماڈل کی صورت کام کرتے ہیں، جو آگے چل کر شعبہ کے لیے ترقی کی بنیاد بنیں گے۔ اس ماڈل کو ویانا نے اپنایا جہاں انہوں نے مقامی آبادی کو سولر پلانٹس میں سرمایہ کاری اور کم لاگت گھروں کی تیاری کی ترغیب دی۔ اس طریقہ کو دنیا بھر میں اپنایا گیا جس میں وینکوور بھی شامل ہے جہاں پر 30,000 شہریوں نے مل کر وینکوور گرینیسٹ سٹی 2020 ایکشن پلان کی بنیاد رکھی۔

**کیپٹل سمارٹ سٹی کے ماسٹر پلان کے چند نمایاں پہلو**

- ☆ جدید سہولیات سے آراستہ رہائشی و کمرشل ڈسٹرکٹ
- ☆ کشادہ مین روڈ
- ☆ کیپٹل سمارٹ سٹی کے لیے مختص انٹرچینج اور رنگ روڈ تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہیں
- ☆ بلیو اور ریڈ لائنز کے ساتھ پبلک ٹرانسپورٹ کا ایک مربوط نظام جس سے رہائشیوں کو آمدورفت میں سہولت ہو
- ☆ سمارٹ کارڈ کے ساتھ سمارٹ بی آر ٹی سٹیشن
- ☆ تعلیم وصحت کی سہولیات کی تسلسل کے ساتھ فراہمی کے لیے کلینکس، مراکز صحت، جدید ہسپتال، سکول، کالج، یونیورسٹیوں کا انتظام
- ☆ کیپٹل سمارٹ سٹی کے رہائشیوں کو پُرسکون اور محفوظ طرز زندگی سے آراستہ کرنے کے لیے سمارٹ سکیورٹی کا انتظام

## سمارٹ سٹی جدید نظام معاشرہ

بڑے شہروں اور آبادی کی مشکلات کو کم کرنے کا یہ جدید طریقہ ہے۔ سمارٹ سٹیز میں شہری سرگرمیوں کو انفراسٹرکچر کے ساتھ اس انداز سے منسلک کیا جاتا ہے کہ ضرورت اور سہولت کے مطابق تمام شہری مسائل کو دستیاب ڈیٹا کے مطابق بہتر حل کی تلاش کے لیے استعمال میں لایا جائے۔ سمارٹ سٹی کی بنیاد مختلف طرح کے انٹرنیٹ آف تھنگز سینسرز ہوتے ہیں جو کہ معلومات اکھٹا کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں، یعنی ان معلومات کو منصوبے کے وسائل اور اثاثہ جات کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے کام میں لایا جاتا ہے۔ آج دنیا بھر میں شہری انتظامیہ اور سرکاری ادارے دستیاب ڈیٹا اور معلومات کو آئندہ کے لائحہ عمل کی بہتری کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

## سمارٹ سٹیز کی دوڑ

کیپٹل سمارٹ سٹی کے آغاز سے پاکستان اپنے شہریوں کو سمارٹ سٹیز دینے والے ممالک کی صف میں شامل ہو چکا ہے۔ کیپٹل سمارٹ سٹی، اسلام آباد ملک کا پہلا سمارٹ سٹی تھا جس نے اپنے ہم عصروں کو سمارٹ سٹی اپروچ اپنانے کی ترغیب دی۔ سمارٹ سٹی کے شہریوں کو رہائش، کاروبار، تفریح، تعلیم، صحت، خدمات اور شہری انفراسٹرکچر کی فکروں سے ہر ممکن حد تک محفوظ بنایا جاتا ہے تا کہ وہ اپنی سوچ کو معاشرے اور مستقبل کی بہتری کے لیے استعمال میں لائیں۔ جدید ٹیکنالوجی کی بنیاد پر قائم منظّم زندگی شہریوں کو غیر ضروری فکروں اور پریشانیوں سے آزادی دلاتی ہے۔





# جہانزیب زاہد
(مینجنگ ڈائریکٹر)

**سوال: سمارٹ سٹی کا مختصر تعارف کیا ہوگا؟**

جواب: کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی یہ ایف ڈی ایچ ایل کے منصوبے ہیں جو کہ ٹیکنالوجی بیسڈ لائف کا حقیقی تصور ہے۔ اصل میں کیپٹل سمارٹ سٹی ایک بہت بڑا پراجیکٹ ہے یہ ایک سٹی نہیں بلکہ مختلف سٹیز کا مجموعہ ہے۔ جس میں کہیں پہ تفریحی سہولیات ہیں تو کہیں پہ صحت اور تعلیم کی سہولتیں کہیں پرولاز ہیں تو کہیں پہ اپارٹمنٹس اور ان سب شہروں اور حصوں کو آپس میں ٹیکنالوجی سے جوڑ دیا گیا ہے

**سوال: پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں سمارٹ سٹی جیسا پراجیکٹ بڑی دلیری کا کام نہیں؟**

جواب: دنیا میں انسان کے لیے پہلا قدم ہی رکھنا مشکل ہوتا ہے، آپ پہلا قدم اٹھائیں کامیابی آپ کا ہاتھ تھامے گی۔ ہم نے بھی قدم اٹھایا اور جہاں پر پہلے چٹیل میدان، جنگل یا ویرانے تھے آج وہاں روشنیوں کا جہاں آباد ہورہا ہے۔ پھر یہ پراجیکٹ ائیر پورٹ سے نزدیک، اسلام آباد۔ لاہور موٹروے کے اوپر ہے تو اور کیا چاہیے۔ ایک طرف انٹرنیشنل ایکسیس ہے تو دوسری جانب ملک کے اندر مرکزی مقام۔ پھر سمارٹ سٹی اپنے مکینوں کو ہر سہولت اور ضرورت ان کی دہلیز پر دے رہا ہے۔ یہ دلیری کا کام تو ہے مگر انتہائی سوچ بچار کے بعد اٹھایا گیا قدم ہے۔

**سوال: سر ایف ڈی ایچ ایل کے بارے میں بتائیں؟**

جواب: آپ کی معلومات میں اضافہ کرتا چلوں کہ ایف ڈی ایچ ایل نے اپنے قیام سے اب تک ایچ آر ایل کے ساتھ مل کر بے شمار بڑے پراجیکٹ کامیابی سے انجام دیے ہیں۔ جن میں توانائی کے 75% منصوبے اور انفراسٹرکچرل ڈویلپمنٹ جیسے ملتان انٹرنیشنل ائیر پورٹ، بحریہ آئیکن ٹاور، پارکو مڈکنٹری آئل ریفائنری وغیرہ، لہٰذا ایف ڈی ایچ ایک مکمل اور پیشہ ورانہ قابلیت کی حامل کمپنی ہے۔

**سوال: اچھا سر یہ بتائیں کہ پراجیکٹ کے ڈیزائن کے لیے آپ نے سوربانہ جورانگ کا انتخاب ہی کیوں کیا؟**

جواب: سربانہ جورانگ سنگاپور بیسڈ کمپنی ہے جو ڈیزائن کے حوالے سے عالمی سطح پر معروف اور وسیع تجربہ کی حامل ہے۔ تاہم، ہمارے 23 سے زیادہ ڈسٹرکٹس ہیں، لہٰذا، پراجیکٹ کی نوعیت کے پیش نظر ہم نے ہر حصے کی ترقی کے لیے مختلف ماہرین کی خدمات حاصل کیں جیسے ہیراڈین گالف، کریک نل، ٹرون گالف، ڈی ایس اے، اے ایل پی، آرکیو آرکیٹیکٹس، ایس ایف ٹی ٹیکنالوجی، نیس پاک اور ڈیزائن مین، تاکہ ہر ڈیزائن باقاعدہ پروفیشنلز کے ہاتھوں پایۂ تکمیل کو پہنچے۔

**سوال: کیپٹل سمارٹ سٹی کی کامیابی کو کیسے دیکھتے ہیں؟**

جواب: کیپٹل سمارٹ سٹی اپنے قیام سے ہی صارفین کی توجہ کا مرکز ہے۔ ملک بلکہ دنیا بھر سے پاکستانی جو بہتر، خوشحال، محفوظ اور سمارٹ زندگی کے دلدادہ ہیں وہ بڑی تیزی سے منصوبے کا حصہ بنتے جارہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں اوورسیز ون اور ٹو کے بعد سینٹرل میں بھی خوب پذیرائی ملی۔ ہمارے ترقیاتی کام دن رات جاری ہیں۔ آج کیپٹل سمارٹ سٹی 50 فیصد اور لاہور سمارٹ سٹی 25 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔

**سوال: اچھا سر، یہ بتائیں کہ سمارٹ سٹی پاکستان میں کیا چیز نئی لے کر آرہا ہے؟**

جواب: پہلی بات تو یہ ہے کہ سمارٹ سٹی کانسپٹ ہی دنیا کے چند مما لک کے پاس ہے یوں یہ تصور ہی پاکستان کے لیے نیا ہے۔ یہ ایف ڈی ایچ کا پہلا جبکہ دنیا کا بائیسواں سمارٹ سٹی تھا، بھارت نے بھی ہمارے بعد اس میدان میں قدم رکھا۔ ایک شہر جو نا صرف ٹیکنالوجی سے مینج ہو بلکہ سمارٹ ٹیکنالوجی کے ذریعے خود ہی مسئلے کا حل ڈھونڈے۔ جہاں ہر چیز کی شہر کے اندر اور ہمیشہ کے لیے دستیابی ممکن بنائی جائے وہی سمارٹ سٹی کہلاتا ہے۔

**سوال: سر اتنا بڑا علاقہ ہے پانی کی فراہمی مسئلہ نہیں؟**

جواب: دیکھیں، پانی کے بغیر تو زندگی ممکن نہیں۔ پانی کا مسئلہ ہر جگہ ہوتا ہے مگر ہم نے اس کا حل ڈھونڈ لیا۔ **پانی ہمارے پاس وافر مقدار میں موجود** ہے۔ **ہم چہان ڈیم، دریائے سِل اور ٹیوب ویلز** کے علاوہ **رین ہارویسٹنگ** کے ذریعے پانی حاصل کریں گے۔ **جرمنی سے امپورٹڈ پلانٹ کے ذریعے اسے صاف کر کے سوسائٹی کے ہر گھر تک پہنچائیں گے** اسی طرح ہم ہر سیکٹر میں **واٹر فلٹریشن پلانٹ** بھی مہیا کر رہے ہیں۔

**سوال: سمارٹ سٹی کا ملکی معیشت میں کیا کردار ہوگا؟**

جواب: اس وقت پاکستان کو معاشی سپورٹ کی سخت ضرورت ہے جس کا سب سے آسان اور بہترین حل ہے آئی ٹی کا شعبہ، تاکہ پاکستان میں ڈالرز آئیں۔ کیپٹل سمارٹ سٹی نے 2400 کنال پر سیلکان ویلی کی بنیاد رکھی۔ یہاں پر 1000 ڈیسکس کا انکیوبیشن سینٹر فار سٹارٹ اپس تعمیر کیا جارہا ہے تاکہ پاکستانی آئی ٹی پروفیشنلز کی بڑی تعداد کو آگے بڑھنے اور ملکی معیشت میں بہتری کا پلیٹ فارم مہیا کر کے معیشت کو فائدہ پہنچایا جائے۔ ہمارے سمارٹ سٹیز پاکستانی معاشی سرگرمیوں کا اہم حصہ بنتے جارہے ہیں۔

**سوال: کیا سی پیک کا فائدہ سمارٹ سٹی کو بھی پہنچے گا؟**

جواب: جی بالکل، ہم سی پیک روٹ پر موجود ہیں جس کا سو فیصد فائدہ ہمارے رہائشیوں کو ملے گا۔ ہم نے اپنے فنانشل سکوائر میں بینک اور ان کے ہیڈ آفسز کی سہولت بھی فراہم کر دی۔ سی پیک کی سرگرمیوں میں اضافے کے ساتھ ہی لوکیشن اور سسٹم کی بنا پر سمارٹ سٹیز کی رونق میں اضافہ ہوگا۔ ہمارے سرمایہ کار اس حقیقت سے واقف ہیں اور اس کا فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں۔

**سوال: سر آپ صارفین اور اپنی ٹیم کو کیا پیغام دیں گے؟**

جواب: ہم پاکستان میں ہاؤسنگ سیکٹر کی تاریخ کے سب سے دلچسپ مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں۔ ہماری کامیابیوں اور امید کا سہرا بلاشبہ ہماری غیر معمولی صلاحیتوں کی حامل محنتی اور قابل ٹیم کے سر ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنے کلائنٹس کے اعتماد کو مزید پختہ کرتے ہوئے اپنے منصوبے اسی جوش کے ساتھ مکمل کرتے رہیں گے۔ یہ اقدام نا صرف ہمارے بلکہ ملک کے دیگر ہم عصروں کے لیے بھی مشعل راہ بنے گا۔ صارفین کو میرا پیغام ہے کہ وہ ہم سے جڑے رہیں اور یقین رکھیں کہ ہم ماضی کی طرح آئندہ بھی ان کے اعتماد سے بہتر پرفارم کریں گے۔ کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی دونوں آپ کو وقت سے آگے کی سوچ کا ثبوت دیں گے۔






# 18- ہول پی جی اے سٹینڈرڈ گالف کورس

## گالف کورس

کیپٹل سمارٹ سٹی اپنے عزم اور وعدے کی تکمیل میں ہمیشہ ثابت قدم رہا ہے۔سمارٹ سٹی نے ایک شاندار 18 ہول گالف کورس کی تعمیر کے لیے عالمی شہرت یافتہ کنسلٹنٹ اینڈ ڈیزائنر ہراڈین گالف کورس کمپنی کی خدمات حاصل کی ہیں۔ ڈیزائنرز نے اس گالف کورس کی دلکشی اور سہولیات کو جدت کی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ ہراڈین گالف کے ذریعے گالف کورس کے ڈیزائن کا مقصد ایک ایسا شاہکار تخلیق کرنا ہے جو قدرتی حسن کو بہترین تفریحی مواقعوں سے ہم آہنگ کردے۔

## ہراڈین گالف سے معاہدہ

کیپٹل سمارٹ سٹی نے جولائی 2018 میں ہراڈین گالف کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے جو گالف کورس کے قیام کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے۔ ہراڈین گالف، گالف کورس کے فن تعمیر میں ایک نمایاں نام، دہائیوں پر محیط بھرپور تجربے اور مہارت کا حامل ہے۔ دنیا بھر میں 200 سے زیادہ گالف کورس پروجیکٹس کے شاندار پورٹ فولیو کے ساتھ، ہراڈین گالف کیپٹل سمارٹ سٹی کی اولین چوائس ہے۔

## ہراڈین گالف کی مہارت

ڈان ہراڈین نے 1929 میں ہراڈین گالف کی بنیاد رکھی۔ یہ اپنے غیر معمولی گالف کورس ڈیزائنز، نئی اور پرانی تعمیراتی مہارتوں کے لیے مشہور ہے۔ ان کے پراجیکٹس کو دنیا بھر میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔اس کے علاوہ انہیں مختلف ٹورنامنٹس کی میزبانی کا شرف حاصل ہے۔ڈان ہراڈین کو یہ کمال بھی حاصل ہے کہ وہ کسی بھی جگہ کو نئے حالات کے مطابق تیار کرسکتا ہے۔ اپنی اسی صلاحیت کی بنا پر وہ کیپٹل سمارٹ سٹی کے لیے اعلیٰ ترین ڈیزائن کا حامل گالف کورس تشکیل دے رہا ہے جس کا اظہار وہ کرچکا۔

## گالف کورس اور چیلنج

کیپٹل سمارٹ سٹی کا گالف کورس خوبصورت علاقے اور پہاڑوں کے درمیان واقع ہے، یہاں پر زمین کی تزئین میں قدرتی خوبصورتی کو ماحول کا حصہ بناتے ہوئے گولفنگ کا ایک پرکشش اور چیلنجنگ تجربہ تخلیق کیا جارہا ہے۔ چھوٹی وادیوں اور ناہموار سطحوں والا خطہ اپنے کم ازکم 30 میٹر بلند مقامات کے باعث ڈیزائنرز کا امتحان بھی ہے۔تاہم، ہراڈین گالف اس قدرتی ماحول کو گالف کی خوبصورتی میں شامل کرنے کے لیے پُرامید ہے اور پرعزم ہے۔

## سہولیات اور تفریحی خصوصیات


18 ہول گالف کورس کے علاوہ، ہراڈین گالف کی ذمہ داریوں میں کیپٹل سمارٹ سٹی کے اندر ڈرائیونگ رینج اور گالف اکیڈمی کا ڈیزائن و تعمیر بھی شامل ہے۔ یہ سہولیات تمام گالفرز کے شوق کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دی گئی ہیں، جہاں پریکٹس، ٹریننگ اور مشاغل کے مواقع موجود ہوں گے۔ گالف کورس ایک کلب کا منظر نامہ پیش کرے گا، جو حکمت عملی کے لحاظ سے خوبصورت نظاروں کے درمیان گالفرز اور رہائشیوں کے لیے ایک سماجی مرکز کے طور پر کام کرے گا۔گالف کورس کے پہلے مرحلے میں 9 ہول جبکہ دوسرے مرحلے میں بقیہ 9 ہول کی تکمیل کے بعد یہ گالف کورس پاکستان کا مکمل اور بہترین انٹرنیشنل سٹینڈرڈ 18 ہول گالف کورس بن جائے گا۔کیپٹل سمارٹ سٹی اسلام آباد میں ہر لحاظ سے مکمل، گالف کی ایسی سہولت فراہم کرنا چاہتا ہے، جو دنیا بھر سے گالف کے شوقین افراد کی دلچسپی کا باعث بنے۔

## شاندار سمارٹ رہائش

اسلام آباد میں کیپٹل سمارٹ سٹی کا 18 ہول گالف کورس رہائش اور تفریح کا مکمل پیکیج ہے۔گالف کورس کے گرد شاندار ولاز ایک ایسا نظارہ پیش کرتے ہیں کہ دیکھنے والی آنکھ ششدر رہ جائے۔ یہ مناظر اس باوقار ہاؤسنگ سوسائٹی کی خوبصورتی اور اہمیت میں اضافہ کرتے ہیں۔ سمارٹ سٹی کا مقصد ایک ایسا ماحول ترتیب دینا ہے جو قدرتی حسن سے ہم آہنگ بھی ہو اور یہاں کے رہائشیوں اور وزیٹرز کے لیے یادگار بھی۔

## موجودہ صورتحال

وعدے کے مطابق سمارٹ سٹی اپنے ممبرز کو بہترین کلب اور ایک 18 ہول گالف کورس دے گا، جس پہ بڑی حد تک کام ہو چکا۔نائن ہول گالف کورس جس کی گراسنگ شروع ہوچکی ہے، 2024 میں سٹارٹ ہوجائے گا یعنی نائن ہول پر میچز شروع ہوجائیں گے جبکہ نیکسٹ نائن ہول مارچ 2025 تک ریڈی ہو رہے ہیں یوں یہ 18 ہول گالف کلب مکمل ہوجائے گا۔ چونکہ سمارٹ سٹی کا گالف کلب، لیئر کلب اور فیملی کلب تینوں ایک ہی جگہ پر الگ الگ بلڈنگز میں ہیں تو 2025 تک تینوں مکمل ہوجائیں گے۔ان کو خصوصی طور پر دبئ سے اس پلاننگ کے تحت ڈیزائن کرایا گیا کہ ایک جگہ رش نہ ہو اور لوگوں کے لیے پرلطف زندگی کا ذریعہ بنے۔





قارئین کرام، آج ہم آپ کے لیے جس شخصیت کا انٹرویو پیش کر رہے ہیں آپ شعبہ تعمیرات میں وسیع تجربہ کے حامل ہیں۔ آپ پاکستان کے پہلے سمارٹ سٹی کانسپٹ، کیپٹل سمارٹ سٹی کے ساتھ بطور گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر منسلک ہیں۔

# محمد اسلم ملک
(گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر)

## سوال: سر سب سے پہلے تو ہمیں سمارٹ سٹی کانسپٹ کے بارے میں بتائیں؟

جواب: دیکھیں، یہ سوال مجھ سے بار ہا پوچھا جاتا ہے کہ کیپٹل سمارٹ سٹی کا آغاز کیسے ہوا یا سمارٹ سٹی کا کانسپٹ یا تصور ہم نے کہا سے لیا، تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ ہمارے چیئرمین اکثر جب بھی یو کے، یورپ، امریکہ اور فار ایسٹ کا سفر کرتے ہیں تو اس چیز پر غور ضرور کرتے ہیں کہ دنیا ہم سے کتنی ایڈوانس ہے، جہاں پر ہر چیز کو ٹیکنالوجی کی مدد سے چلایا جا رہا ہے، ان کی ٹرانسپورٹ سے لے کر آفسز تک ہر چیز میں ٹیکنالوجی کا عمل دخل ضرور ہے۔ ان کی سوچ ہمیشہ سے اس سوال کے گرد گھومتی رہی کہ ہم پاکستان میں اس چیز کو ممکن کیوں نہیں بنا سکتے۔ ہم نے انہی کے خواب کو لیا اور اس بارے میں سوچ بچار کی کہ کس طرح ہم یہ سب پاکستان میں ایک جگہ مہیا کریں۔ یوں ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ تصور ہمارے چیئرمین کی جدت پسندانہ سوچ کا نتیجہ ہے۔

## سوال: سر ہمارے قارئین کے لیے یہ بتائیں کہ سمارٹ سٹی کا آغاز کب اور کیسے ہوا؟

جواب: جی، ہم نے سمارٹ سٹی کا آغاز **2017** میں کیا، اس مقصد کے لیے جگہ کا انتخاب بھی ایک چیلنج تھا مختلف حوالوں سے غور کے بعد ہم نے اسلام آباد کو چنا کیونکہ یہاں پر ڈیمانڈ اور سپلائی کے حوالے سے اچھی سوسائٹیز کی اشد ضرورت تھی اور ہم اس گیپ کو پُر کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے چیئرمین کا وژن بھی یہی تھا کہ ہم اسلام آباد سے سٹارٹ لیں اور کوئی ایسی جگہ ہو جو راولپنڈی کے بھی نزدیک ہو، یوں ہم نے پراجیکٹ کا آغاز کیا اور اسی مناسبت سے اپنے پراجیکٹ کا نام کیپٹل سمارٹ سٹی رکھا۔

## سوال: اچھا سر یہ بتائیں کہ سمارٹ سٹی ہوتا کیا ہے؟ اور اس سے کیا مراد ہوتی ہے؟

جواب: سمارٹ سٹی اصل میں ایسی ماسٹر پلاننگ اور وژنری پلیسمنٹ آف تھنگز کا نام ہے جس کے تحت ایک شہر سیلف سسٹین ایبل بن جائے اور اس میں ہر وہ فیسلیٹی یا سہولت موجود ہو جو کسی بھی ماڈرن شہر کے لیے لازم ہے۔ مثال کے طور پر ایجوکیشن، ہیلتھ، روزگار، انفراسٹرکچر، بہتر ٹرانسپورٹیشن اور شہر کے اندر اور باہر آمد و رفت کا بہترین انتظام، یہ تمام خوبیاں سمارٹ سٹی کا حصہ ہیں۔

## سوال: دنیا میں اس وقت کتنے سمارٹ سٹیز موجود ہیں اور کیپٹل سمارٹ سٹی کتنے نمبر پر آتا ہے؟

جواب: جب ہم نے اس پر کام شروع کیا تو اس وقت تک دنیا میں **21** سمارٹ سٹی ہم سے پہلے موجود تھے۔ جب ہمارا پراجیکٹ کیپٹل سمارٹ سٹی لانچ ہوا، تو یہ، ہمارا تو پہلا مگر دنیا کا **22** واں سمارٹ سٹی تھا اور اس کے بعد جب ہم نے لاہور میں سمارٹ سٹی لانچ کیا تو وہ دنیا کا **23** واں سمارٹ سٹی بن گیا۔

ہمارے بعد انڈیا نے دو سمارٹ سٹیز شروع کیے ہیں جو کہ ابھی ابتدائی مراحل پر ہیں، ابھی انہوں نے ریگولر کام کا آغاز نہیں کیا نہ ہی کسی فائنل سٹیج پہ پہنچے ہیں، اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ ابھی ابتدائی مرحلے پر ہی ہیں۔

## سوال: پاکستان میں کل کتنے سمارٹ سٹیز ہیں اور ان پر کام کی پراگریس کیا ہے؟

جواب: دیکھیں، ہم اس وقت پاکستان میں دو سمارٹ سٹیز لے کر آ رہے ہیں جن میں ایک ہمارا کیپٹل سمارٹ سٹی ہے، جس کو شروع ہوئے تین چار سال کا عرصہ ہوا اور ہم نے اس پر پچاس فیصد کام مکمل بھی کر لیا ہے۔ اسی طرح ہمارا دوسرا پراجیکٹ لاہور سمارٹ سٹی ہے جس پر پچیس فیصد کام ہو چکا ہے۔ وہ تمام چیزیں اور خوبیاں جو سمارٹ سٹی میں ہونی چاہئیں وہ ہم نے ان دونوں پراجیکٹس میں متعارف کرا دی ہیں۔

## سوال: سمارٹ سٹی میں منفرد کیا چیز یا سہولت ہوگی جو دیگر سوسائٹیوں میں نہیں؟

جواب: ایک چیز جو یہاں اسلام آباد میں ابھی نہیں ہے وہ ہے فوڈ ٹیک ویلی، جو ہم لاہور میں لے کر آ رہے ہیں۔ ہم سیون سٹوری فوڈ گروئنگ ایریا تیار کر رہے ہیں جہاں ان ڈور کنٹرولڈ انوائرمنٹ میں سبزیاں اُگائی جائیں گی جو کہ آرگینک فوڈ ہو گا جسے ہمارے ممبر انشاءاللہ تعالیٰ انجوائے کریں گے۔ یہ فیسلٹی انہیں انڈور دستیاب ہوگی۔

## سوال: اچھا سر ہم جاننا چاہتے ہیں کہ یہ سسٹین ایبل سٹی سے کیا مراد ہے؟

جواب: دیکھیں، سسٹین ایبل سے مراد وہ نظام ہے جو چیزوں کو لائف ٹائم چلاتا ہے نہ کہ مخصوص یا مختصر وقت تک، مطلب یہ کہ وہ تمام سہولیات جو سٹارٹ میں آپ نے اپنے ریزیڈنٹس کو فراہم کی ہیں یا وعدہ کیا ہے ان کو مسلسل پرووائڈ کرتے رہنے کا نظام۔ عموماً ایسا ہوتا ہے کہ سوسائٹیز کے ڈویلپر سوسائٹیز بنا کے ریزیڈنٹس کے حوالے کر دیتے ہیں اور وہ بعد میں اس کو اپنی کمیٹی کے تھرو آپریٹ کرتے ہیں جو آگے چل کر کئی خرابیوں کا باعث بنتا ہے۔ تو ہمارا نظام ایسا نہیں، ہمارے نظام میں ڈویلپر نے ہی اسے لائف ٹائم آپریٹ کرنا ہے اور ساری فیسلٹیز بعد میں بھی پرووائڈ کرتے رہنا ہے، جو پرامس کی گئیں۔

دوسرا یہ کہ ان کو دیگر تمام سہولیات جیسا کہ ایجوکیشن اور ہیلتھ یا باقی سارا انوائرمنٹ اسی معیار کے مطابق دینا کہ انہیں شہر سے باہر جانا نہ پڑے۔ جس طرح میں نے پہلے عرض کیا سمارٹ سٹی کے رہائشیوں کو پرائمری، سیکنڈری اور ٹرشری تینوں لیول کی ہیلتھ اینڈ ایجوکیشنل سہولیات یہیں پہ دستیاب ہوں گی اور ہوتی رہیں گی۔

## سوال: سر کیا یہ سچ ہے کہ آپ یہاں پر جابز یا ملازمت کی آسانی کے حوالے سے بھی کوئی اقدام اٹھا رہے ہیں؟

جواب: آپ نے سچ کہا، **50** فیصد جاب کرنے والوں کے لیے شہر کے اندر ہی ہم نے ملازمت کا بندوبست کیا ہے۔ اس کے لیے ہم نے چار سیکٹر ایسے بنائے ہیں جہاں پہ زیادہ تر جابز ہوں گی جس میں فنانشل اسکوائر ہے، ہمارا لا مائر ہے، سیلیکون ویلی ہے، تو یہ بھی سسٹین ایبلٹی کا حصہ ہے۔

## سوال: سر کیا یہ منصوبہ ماحول دوست ہوگا؟

جواب: جی ہاں، ویسٹ ٹرانسپورٹیشن اور ویسٹ مینجمنٹ کے علاوہ کاربن فٹ پرنٹ کو بین الاقوامی حد کے مطابق رکھنے کے انتظامات بھی کیے گئے ہیں تاکہ یہاں پر بسنے والے صحت مند رہیں۔ یہاں پر انوائرمنٹ کو صاف رکھا جائے تاکہ سموگ وغیرہ کا مسئلہ نہ ہو جو موجودہ حالات کا اہم پرابلم ہے۔ یہ سب اقدامات انشاءاللہ سمارٹ سٹی کا حصہ ہیں۔

## سوال: سر ہم جاننا چاہیں گے کہ کون سے انٹرنیشنل ادارے سمارٹ سٹی کا حصہ ہوں گے؟

جواب: دیکھیں انٹرنیشنل ادارے ہمارے پاس بڑی تعداد میں آ رہے ہیں۔ جس طرح میں نے پہلے عرض کیا کہ تقریباً تمام شعبے ہیں؛ جیسے

**صحت:** ہیلتھ ڈسٹرکٹ میں کئی انٹرنیشنل ادارے آ رہے ہیں جن میں سے ایک یو کے سے ہارلے برین اینڈ سپائن سرجری ہاسپٹل آ رہا ہے جن کو لینڈ فراہم کی جا چکی ہے، وہ یہاں پہ ایک بہت بڑا ہاسپٹل اینڈ کالج بنانے جا رہے ہیں اس کے علاوہ ایک اور این جی او پنک ربن کو جگہ عطیہ کی گئی ہے وہ بھی سٹارٹ کرنے والے ہیں۔

ایک اور ہسپتال کی انٹرنیشنل چین کو **200** کنال جگہ ہم نے دے دی ہے، وہ بھی یہاں پہ آئیں گے، ان کے بہت سے ہسپتال سعودی عرب، دبئی اور یو اے ای میں ہیں وہ اپنے ایک بہت بڑے سیٹ اپ کے ساتھ یہاں میڈیکل کالج کا آغاز کریں گے۔

**تعلیم:** ایجوکیشن میں دو یونیورسٹیاں ہیں جن میں ایک سنگاپور سے آئی ٹی یونیورسٹی ہے جس کے ساتھ ہمارا الحاق ہو رہا ہے، اس یونیورسٹی کو آپریٹ کرنے میں سلیکان ویلی کی یونیورسٹی ہمارے ساتھ کو آپریٹ کرے گی۔ اس کے ساتھ برلن، جرمنی کی ایک یونیورسٹی کے ساتھ بات چیت ہو رہی ہے انشاءاللہ ان کا وزٹ بھی جلد متوقع ہے۔

**ہوٹل:** یونہی، ہوٹلز ہیں جیسے موواینڈ پک اور اسی طرح کے بڑے برانڈز ہمارے ساتھ آ چکے ہیں، ہمارے ایگریمنٹ سائن ہو چکے ہیں جو یہاں انویسٹ اور آپریٹ دونوں کریں گے۔

## سوال: کیا یہ سب چیزیں کسی ایک فرم نے ڈیزائن کی ہیں یا آپ نے مختلف ماہرین کی خدمات حاصل کیں ہیں؟

جواب: ہمارے ڈیزائنر اکثر یو کے، یورپ اور سنگاپور سے ہیں، ماسٹر پلانر سنگاپورین ہے جبکہ جو آرکیٹیکٹ ہے ان میں ڈی ایس اے سے بہت سا کام کروایا، ڈی پی اے سنگاپور سے کام لیا ہے، کریکنیل سے ہم نے کام کروایا ہے۔ اسی طرح ہمارا گالف کورس سویٹزرلینڈ کی کمپنی ہراڈین گالف نے ڈیزائن کیا ہے۔ اور بہت سے لوگ ہیں، انٹرنیشنل ڈیزائنر یا کنسلٹنٹ اور انویسٹر بھی ہمارے ساتھ اٹیچڈ ہیں اور انشاء اللہ ان کی بدولت ہم جو انوائرنمنٹ دے رہے ہیں وہ عالمی معیار سے کم کسی صورت نہیں ہوگا۔

## سوال: سر سنا ہے آپ سمارٹ سٹی میں سپین کی قرطبہ مسجد بنانے جا رہے ہیں؟

جواب: جی ہاں، سمارٹ سٹی کے اندر ہماری تین طرح کی مساجد بن رہی ہیں پہلی ہماری سیکٹر مساجد ہیں جو کہ 80 سے زائد ہیں اور 500 سے 1000 نمازیوں کے لیے ہیں۔ پھر ہماری ڈسٹرکٹ مساجد ہیں یہ اوورسیز ایسٹ میں ایک بن بھی چکی ہے، یہ تقریباً 12 ہوں گی جبکہ ایک ہماری گرینڈ مسجد جس میں **25000** نمازیوں کی گنجائش ہے۔ ہماری گرینڈ مسجد کی خاص بات اس کا قرطبہ مسجد سپین کی طرز کا ڈیزائن ہے جس کی اجازت ہم نے سپین سے لے لی ہے۔

## سوال: ملکی اقتصادی صورتحال کے پیش نظر سمارٹ سٹی اور پاکستان کا مستقبل کیسا دیکھتے ہیں؟

جواب: میں دیکھ رہا ہوں پاکستان کا یہ مشکل وقت بھی ٹل جائے گا، انشاءاللہ، ہم سب کوشش کر رہے ہیں کہ مل کر اس حالت سے نکلیں۔ ہم ایسے اقدامات کر رہے ہیں کہ حالات بہتر ہوں۔ ہمارے انویسٹرز یا ممبرز کی آسانی کے لیے بھی ہم نے ایسے اقدام اٹھائے ہیں کہ اس مشکل وقت میں ان کو آسانی رہے۔ ہم نے ابھی ڈسکاؤنٹ پالیسی متعارف کرائی، لیٹ پے منٹ پر سرچارج فی الحال چھوڑ دیے۔ اسی طرح ہم نے بیلٹنگ وقت سے پہلے کی تاکہ لوگوں کو ریٹرن آن انویسٹمنٹ جلدی اور زیادہ مل سکے، اور صارفین اون دینے سے بچ سکیں اور صورتحال بہتر ہو، اور ان کی سیل پر چیز بڑھ سکے۔ اس کے ساتھ ہم نے اپنے سیلز پارٹنرز کے لیے بھی کافی پالیسیز بنائی ہیں تاکہ ان مشکل حالات میں وہ سروائیو کر سکیں۔ اس حوالے سے ہماری کوششوں کو انٹرنیشنل مارکیٹ یعنی یو کے، یورپ اور لوکل مارکیٹ کے سیلز پارٹنر کی جانب سے کافی پذیرائی ملی۔ الحمدللہ، ہمارے ہاں لاہور اور اسلام آباد دونوں جگہ پر ہمارے پروجیکٹس پر معاشی ابتری کے اثرات کافی کم ظاہر ہوئے۔ اللہ کا بڑا احسان اور شکر ہے کہ ہمارے مسائل بہت کم ہیں، ہماری لینڈ ساری ہمارے پاس موجود ہے، ہمارے کام کی سپیڈ بہتر ہے جس سے اس کا افیکٹ بہت کم تھا۔ ہماری پالیسیز کی بدولت یہ اثرات کافی کم ہو گئے ہیں، الحمدللہ۔


BALLOTING
SATURDAY
10
June
2023
LAHORE
SMART CITY














LAHORE SMART CITY
UJEEB AHMED KHAN






LAHORE
SMART CITY
LAHORE
SMART CITY



CAPITAL SMART CITY

# BALLOTING


## 11TH MARCH, 2023
























CAPITAL
SMART CITY

Pakistan's first Smart Apartment Living Concept

# Capital Smart City is proud to launch

ONE CAPITAL
RESIDENCES




## more than just an *apartment*


Studio | 1 Bed | 2 Bed | 2 Bed Duplex | 3 Bed | 3 Bed Duplex | 4 Bed Duplex

UK : +44 788 138 8270 & 80 | UAN : +92 51 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 SMART (76278)

www.smartcitypk.com · smartcitypk · smartcitypak · sales@smartcitypk.com · smartcitypk1 · capitalsmartcity

SJ Surbana Jurong Singapore · HRL Habib Rafiq (Pvt.) Ltd. · FDH Development


BUILDING
PAKISTAN
LAHORE
SMART CITY
the way to live today
/smartcitypk1 | /lahoresmartcity
capitalsmartcity
www.smartcitypk.com | www.lahoresmartcitypk.com




**Toll Free: +92 800 76278**


# THE PAVILION

LAHORE SMART CITY

## THE EPICENTER OF GRANDEUR & COMFORT

The second largest city of Pakistan, Lahore is rich in culture and heritage. Known as the heart of Pakistan, this city is no doubt one of the most loved destinations for its traditional, financial and geographical importance.







/lahoresmartcitypk  /lahoresmartcity  /lahoresmartcity

UAN : 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 76278

www.lahoresmartcitypk.com

# صحتِ عامہ کی سہولیات

## عمومی جائزہ

سمارٹ سٹیز میں صحت سے متعلق سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی گئی ہے سمارٹ سٹیز کی لیڈرشپ کے وژن کے تحت صحت کی سہولیات سے متعلق ایک مفصل پروگرام بنایا گیا ہے جس کو ایک خاص ترتیب سے مکمل کیا جا رہا ہے۔صحت کی سہولیات کے لئے ایک جامع پالیسی بھی بنائی گئی ہے جس میں سمارٹ سٹی کے تمام رہائشیوں کے لیے نہ صرف سمارٹ سٹیز کے اندر ہی ان کے گھروں کے نزدیک ترین بہترین سہولیات میسر کی جا رہی ہیں بلکہ پبلک ہیلتھ اور فوڈ سیفٹی کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے

## جدید ترین سہولیات

اپنے رہائشیوں اور اردگرد کے بسنے والوں کے لیے صحت کے شعبہ میں جدید ترین سہولیات کی فراہمی ہماری لیڈرشپ کی ترجیحات میں شامل ہے جسے ہر قدم سامنے رکھا جا رہا ہے۔

## صحت کی سہولیات کی فراہمی کا سسٹم

ترقی یافتہ ممالک کی طرح سمارٹ سٹیز میں بھی ایک بہترین سسٹم کے تحت صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں گی تمام رہائشیوں کے لیے صحت کارڈ بنائے جا رہے ہیں ہر تین ڈسٹرکٹ میں ایک سمارٹ کلینک دن رات اپنی بہترین کارکردگی کے ساتھ کام کر رہا ہوگا اسی طرح 50 بیڈ سے لیکر 250 بیڈ تک کے سمارٹ ہسپتال بھی اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق عنقریب یہ سہولیات فراہم کر رہے ہونگے۔

## انتظامی امور

سمارٹ سٹیز ہاسپٹلز کی سینئر مینجمنٹ کی زیرنگرانی پرائمری ہیلتھ اور سیکنڈری ہیلتھ سسٹم پلان، ڈیزائن اور آپریٹ کیے جائیں گے جبکہ ٹرشری لیول کی صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے سمارٹ سٹی میں ہیلتھ ڈسٹرکٹ کے نام سے موٹروے اور رنگ روڈ کے بالکل اوپر پورا ڈسٹرکٹ مختص کر دیا گیا ہے جہاں نیشنل اور انٹرنیشنل لیول کے بہترین ہیلتھ آپریٹرز اور صحت کی جدید سہولیات والے بڑے ہسپتال لانے کا پلان بنایا گیا ہے۔

## حالیہ پراگریس

### پرائمری ہیلتھ کی سہولیات

ا۔ کیپٹل سمارٹ سٹی میں اس وقت ایک Smart Medicare کام کر رہا ہے جبکہ تین سمارٹ میڈیکل کلینک ڈیزائن مکمل ہونے کے بعد کنسٹرکشن کی مختلف سٹیجیز پہ ہیں۔دو مزید سمارٹ میڈیکل کلینک کا ڈیزائن جلد مکمل ہو جائے گا۔

ب۔ لاہور سمارٹ سٹی میں ایک جدید سمارٹ کلینک کنسٹرکشن کی ابتدائی سٹیج پہ ہے انشاء اللہ 2024 میں مکمل طور پر فعال ہوگا۔

ج۔ رائل آرچرڈ پروجیکٹس میں بھی Smart Medicare پہلے سے کام کر رہا ہے جبکہ یہ سمارٹ میڈیکل کلینکس اگلے سال میں کام کر رہے ہونگے۔

### سیکنڈری ہیلتھ کی سہولیات

ا۔ کیپٹل سمارٹ سٹی میں اس وقت پچاس بیڈ سے لیکر 250 بیڈ والے تین سمارٹ سٹی ہسپتال اپنی تعمیر کے مختلف مراحل میں ہیں پچاس بیڈ والا سمارٹ سٹی ہسپتال انشاء اللہ 2024 میں مکمل طور پر آپریشنل ہوگا اسی طرح فزیکل ایپلیکیشن ہسپتال جو کہ پاکستان بھر میں پرائیویٹ سیکٹر کا بہترین ہسپتال ہے آئندہ چند ماہ میں مکمل طور پہ کام شروع کر دے گا۔

ب۔ لاہور سمارٹ سٹی میں 250 بیڈ پر محیط سمارٹ سٹی ہسپتال کا ڈیزائن فائنل ہو چکا ہے اور انشاء اللہ 2024 کے شروع میں ہی اسکی تعمیر کا کام شروع ہو جائے گا۔

ج۔ اسی طرح رائل آرچرڈ پروجیکٹس میں بھی 50 سے لیکر ایک سو بستر تک کے سمارٹ سٹی ہسپتالوں کی ڈیزائننگ اس وقت مختلف مراحل میں ہے جہاں کنسٹرکشن کا کام بھی انشاء اللہ جلد شروع ہو جائے گا۔

### ٹرشری ہیلتھ کی سہولیات

ا۔ کیپٹل سمارٹ سٹی میں ہارلے سٹریٹ ہسپتال (500 بیڈز) برائے برین اور سپائن سرجری UK سے آ رہا ہے جس کی ڈیزائننگ فائنل سٹیج پہ ہے امید ہے کہ ان کی کنسٹرکشن کا کام بھی جلد شروع ہو جائے گا۔

ب۔ اسی طرح Pink Ribbon کے نام سے کینسر ہسپتال (200 بیڈز) بھی پلان کے آخری مراحل میں ہے۔

ج۔ ایک اور جدید یورپی ہسپتال بھی آنے والا ہے۔

د۔ لاہور سمارٹ سٹی میں بھی اسی طرح Pink Ribbon(200 بیڈز) کا ہسپتال اپنی پلاننگ کے مختلف مراحل پہ ہے مڈل ایسٹ سے ایک مشہور گروپ بھی اپنے برانڈ کو لاہور سمارٹ سٹی میں لانے کے لیے گفت وشنید کے مراحل میں ہے۔

## خلاصہ

صحت کی جدید ترین سہولیات صرف بہترین سمارٹ میڈیکل کلینکس اور ہسپتالوں تک ہی محدود نہیں بلکہ ایک بہترین سسٹم کے تحت بہتر آب و ہوا، کشادہ پارکس، انڈور ہیلتھ کلب اور جمنیزیم اور سپورٹس کلچر جیسی بہترین سہولیات اور پبلک ہیلتھ جیسے اقدام سمارٹ سٹی میں صحت مند ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے میں بہت معاون ثابت ہونگے، انشاء اللہ۔

Smart City Hospital (250 Beds) OS Central 1 Sector A






Smart Rehab Hospital (SIRM)




Smart City Hospital (50 Beds)




Smart Medical Clinic




Smart City Hospital (250 Beds)

Smart City Hospital (250 Beds) OS Central 1 Sector E



# کھیلوں کی سہولیات

1۔ سمارٹ سٹیز میں اعلیٰ رہائشی سہولیات کے ساتھ ساتھ کھیلوں کا ایسا رواج رائج ہوگا کہ بچوں سے بوڑھوں تک تمام خواتین و حضرات کے لیے کھیلوں اور ایڈونچر سپورٹس کا بہترین انتظام کیا جائے گا خاص طور پر آجکل کے سوشل میڈیا سے بچوں کے ضرورت سے زیادہ جوڑ کو توڑا جائے۔

2۔ تمام عمر کے لوگ شام کو گھروں سے باہر نکلیں اور ہمارے شہروں کے کھیلوں اور ایڈونچر کی تمام سہولیات سے محظوظ ہوں ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہمارا کوئی رہائشی چھٹیاں گزارنے یہاں سے باہر نہ جائے بلکہ دور دراز سے لوگ چھٹیاں گزارنے ہمارے پاس آئیں ہم ایک صحت منداور خوشحال معاشرے کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں۔

## کھیلوں اور ایڈونچر کی سہولیات

مندرجہ ذیل کھیل اور ایڈونچر سپورٹس کی سہولیات نا صرف علاقہ مکینوں کو حاصل ہوں گی بلکہ ہماری خواہش ہے کہ دور دراز کے شہروں سے لوگ کھیلوں کی سہولیات کے لیے ہمارے سمارٹ شہروں میں آئیں۔

## واٹر سپورٹس

کیپٹل سمارٹ سٹی میں چہان ڈیم اللہ تعالیٰ کی ایک بڑی نعمت ہے اس ڈیم میں منگلہ ڈیم اور خان پور ڈیم سے بہتر واٹر سپورٹس کی سہولیات کا کام جاری ہے جو کہ 2024 میں مکمل ہو جائے گا۔

## کھیلوں کی سہولیات

ہم اپنے تمام شہروں میں انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کے تمام کھیلوں کے میدانوں کے ساتھ ساتھ بچوں کے لیے بھی ہر کھیل کی علیحدہ اکیڈمی بنانے کا پروگرام رکھتے ہیں اس سلسلے کا آغاز فٹبال اکیڈمی سے ہو چکا ہے جس کے لیے سپین کی مشہور لا لیگا فٹ بال اکیڈمی کیساتھ عنقریب اشترا کی بنیادوں پر کام شروع ہو جائے گا اسی طرح ہاکی کے میدان میں کراچی کی مشہور اکیڈمی اولمپین اصلاح الدین کیساتھ بھی بات چیت جاری ہے۔

## گلائیڈنگ کلب

پیرا گلائیڈنگ کا بیسک ٹریننگ کلب بھی اختتامی مراحل میں ہے جو کہ 2024 کے وسط میں مکمل ہو جائیگا۔

## گھڑ سواری کلب

ہارس اینڈ سیڈل کلب بھی ہمارے اہداف کی ترجیحات میں شامل ہے اس میں پچاس گھوڑوں کا اصطبل، ایک رائیڈنگ سکول، پولو گراؤنڈ اور کلب ہاوس شامل ہیں۔

## نشانہ بازی کلب

اس میں Skeet Shoot اور ایئر رائفل کی رینجز بنائی جا رہی ہیں جو کہ نشانہ بازوں کے لیے ایک اہم خبر ہے اگلے آنے والے کچھ عرصے میں نشانہ بازی کی مزید سہولیات اس شوٹنگ ارینہ میں شامل کی جائیں گی۔

## ایڈونچر ارینہ

یہ اپنی نوعیت کا منفرد پارک ہوگا۔ ایڈونچر ارینہ کا ٹھیکہ دے دیا گیا ہے اور کام اگلے دس سے پندرہ دنوں میں شروع ہو جائے گا یہ پارک تقریباً اگلے ماہ میں مکمل ہو جائے گا اس ایڈونچر ارینہ میں مندرجہ ذیل ایکٹو یٹیز شامل ہیں۔

1. زپ لائن
2. ڈرٹ بائیک
3. کڈز پلے ایریا
4. سسپنشن بریج
5. آرٹیفشل کلائمنگ
6. نیچرل کلائمنگ
7. پینٹ بال
8. رولر کوسٹر
9. بنجی جمپنگ
10. سپیس ایکسپیرئنس
11. جنگل وادی

## خلاصہ

ہم اپنے تمام سمارٹ شہروں میں ایڈونچر ازم اور کھیلوں کی صحت مندانہ سرگرمیوں سے علاقہ مکینوں اور مہمانوں کو ایک صحت افزاء ماحول فراہم کرنے کا ارادہ کیے ہوئے ہیں۔ ہماری ترجیحات میں سپورٹس کا مقام بہت اوپر ہے۔



# کیپیٹل سمارٹ سٹی بہتر کل کی پیشرفت

## چیئرمین ایف ڈی ایچ، جناب زاہد رفیق اور گروپ سی او او، جناب محمد اسلم ملک کا دیگر اعلیٰ عہدیداران کے ہمراہ اہم دورہ دبئ

جدید شہروں کی ترقی وتشکیل صرف کنکریٹ کے ڈھانچے کو خوبصورتی سے کھڑا کردینے کا ہی نام نہیں بلکہ یہ ایک متحرک، پائیدار اور جدید شہری ماحول کی تخلیق کا عمل ہے۔اس تخلیقی عمل میں کئی عوامل کارفرما ہوتے ہیں جس میں اردگرد کا ماحول،انسانی ضروریات اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال شامل ہے۔ان سب کا مقصد شہریوں کو بلند معیار زندگی کی فراہمی ہی ہے۔موجودہ دور میں ٹیکنالوجی اور تعمیراتی معیار پر مبنی معاشرے کی بہترین مثال دبئ سے بڑھ کر اور کوئی نہیں۔

اسی وژن کے تحت ایف ڈی ایچ کے چیئرمین جناب زاہد رفیق نے کیپٹل سمارٹ سٹی و لاہور سمارٹ سٹی کے گروپ سی او او، جناب اسلم ملک اور اپنے دیگر اعلیٰ عہدیداروں کے وفد کی قیادت کرتے ہوئے دبئ کا ایک اہم دورہ کیا۔جس کا مقصد جدید ترین اربن پلاننگ کے تسلسل اور سہولیات وخدمات تک رسائی میں جدت کے نئے پہلوؤں سے واقفیت حاصل کرنا اور انہیں پاکستان میں کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی کی ڈویلپمنٹ کا حصہ بنانا تھا۔دورہ دبئ کے دوران جناب چیئرمین اور گروپ سی او او نے مختلف اداروں کا دورہ کیا، اہم شخصیات سے ملاقاتیں اور معاہدوں پر دستخط بھی کیے۔جس کا احوال کچھ یوں رہا۔

### دبئ سسٹین ایبل سٹی

دبئ سسٹین ایبل سٹی کا دورہ جناب چیئرمین، گروپ سی او او کے ہمراہ ان کی پوری ٹیم کے لیے ایک مثبت نقطہ آغاز رہا۔دبئ سسٹین ایبل سٹی اس شہر کا مشہور ومعروف ماحول دوست علاقہ ہے۔2015 میں قائم ہونے والا یہ دبئ کا پہلا زیرو انرجی منصوبہ ہے۔ اپنے ماحولیاتی شعور پر مبنی سرگرمیوں، ماحول دوست ذرائع توانائی اور گرین انفراسٹرکچر کی بدولت یہ شہر اربن ڈویلپمنٹ میں کمال کی واضح مثال ہے۔شہر میں موجود فطرت و جدت کے خوبصورت امتزاج نے ٹیم کو خوب متاثر کیا اور اپنے منصوبوں میں ان تجربات کو شامل کرنے کے تصور کو تقویت دی۔

### Accor کے ساتھ معاہدہ

دورہ دبئ کا اہم سنگ میل بین الاقوامی سطح پر مشہور ہاسپٹیلٹی برانڈ Accor کے ساتھ معاہدے پر دستخط ہیں۔Accor کو ہاسپٹیلٹی انڈسٹری میں نمایاں مقام حاصل ہے۔ دراصل ہوٹل آپریٹنگ اور فرنچائز کے شعبے میں Accor کی عالمی شہرت یورپ، لاطینی امریکہ، مشرق وسطیٰ سمیت افریقہ اور ایشیا پیسفک تک پھیلی ہوئی ہے۔ Accor کے ساتھ ایف ڈی ایچ کے معاہدے نے پاکستان میں مووانپک ہوٹل کے قیام کی راہ ہموار کردی جو خود اس شعبہ کا بڑا نام ہے۔یہ طے پایا کہ ہوٹل کا ڈیزائن ایف ڈی ایچ اپنی مرضی سے تیار کرائے گا۔اس سلسلے میں ایک شاندار ڈیزائن کی ذمہ داری بین الاقوامی ادارے ڈی پی کے جنوب ایشیائی سینئر ڈائریکٹر جیری کو سونپ دی گئی ہے جسے دنیا میں نمبرون ڈیزائنر کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔5 اسٹار ہوٹل، ولاز اور اپارٹمنٹس کا حامل یہ منصوبہ 900 سے زائد کمروں پر مشتمل ہے۔

### جیول آف کریک

اپنے انتہائی اہم دورہ دبئ کے دوران Accor کی تجویز پر ایف ڈی ایچ چیئرمین جناب زاہد رفیق کی زیر قیادت وفد نے گروپ سی او او، جناب اسلم ملک اور دیگر اعلیٰ عہدیدارن کے ہمراہ دی جیول آف کریک کا وزٹ بھی کیا۔

جیول آف کریک دبئ میں 10 لاکھ مربع میٹر پر پھیلا منصوبہ ہے جو رہائشی، تجارتی، ہاسپٹیلٹی اور تفریحی سہولیات کا خوبصورت مجموعہ ہے۔دبئ کے قلب میں واقع یہ منصوبہ شہر میں سیاحت کے فروغ میں تاریخ رقم کررہا ہے۔جیول آف کریک کے دورے سے حاصل معلومات وتجربے کو کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی کا حصہ بنایا جائے گا۔

### دبئ پولیس اور ایف ڈی ایچ کا تعاون

دورے کا قابل ستائش مرحلہ دبئ پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ تھا، جس کی دعوت خود دبئ پولیس نے وفد کو دی۔ اس موقع پر ملاقات کے دوران میزبان نے اپنے ایک منصوبے کی ڈویلپمنٹ میں ایف ڈی ایچ کے تعاون میں دلچسپی کا اظہار کیا، جو کہ نا صرف ایف ڈی ایچ بلکہ وطن عزیز کے لیے بھی باعث فخر ہے۔یہ تعاون مستقبل کے شہروں میں عالمی معیارات کے مطابق سیکورٹی اور قانون کے نفاذ کے عزم کی بھی نشاندہی کرتا ہے۔

### عالمی معیار کی ٹینس اکیڈمی

دونوں سمارٹ سٹیز کے اندر کھیل کی اعلیٰ سہولیات کی فراہمی ایک عزم ہے، جس کی تکمیل اور تفریحی سہولیات کو عالمی معیار کے مطابق لانے کی کوششوں کے تحت جناب چیئرمین اور گروپ سی او او اپنے وفد کے ہمراہ دبئ ٹینس اکیڈمی بھی تشریف لے گئے۔ جہاں پر انہیں کمپنی کی جانب سے عالمی معیار کی ٹینس سہولیات سے آگاہی فراہم کی گئی۔اس اقدام کا مقصد مستقبل کے سمارٹ سٹیز میں رہائش کے ساتھ کھیل اور تفریحی سرگرمیوں کے معیار کی بہتری ہے۔

### رائل اٹلانٹس کا دورہ ایک مسحور کن تجربہ

اس یادگار دورے کا مسحور کن تجربہ رائل اٹلانٹس کا دورہ تھا، جو پانی کے اندر بنائی گئی سہولیات کی وجہ سے اہمیت کا حامل ہے۔مشہور ریزارٹ کے شاندار ڈیزائن نے جناب زاہد رفیق اور جناب اسلم ملک صاحب سمیت دیگر گروپ ممبران کو خوب متاثر کیا۔متحدہ عرب امارات کے مشہور پام جمیرہ پر واقع یہ تعمیراتی کارنامہ اپنے انڈر واٹر سویٹس کی وجہ سے منفرد مقام رکھتا ہے۔جہاں سے آپ سمندری حیات کا نظارہ اپنے لگژری روم سے کرسکتے ہیں۔اس موقع پر وفد نے متفقہ طور پر کیپٹل سمارٹ اور لاہور سمارٹ سٹیز کے جدت اور لگژری پر مبنی معیار کو مزید ابھارنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

### فٹبال لیگ لا لیگا کے ممبران اور وزیر آئی ٹی سے ملاقات

اس اہم دورے کے دوران، چیئرمین ایف ڈی ایچ، جناب زاہد رفیق اور گروپ سی او او، جناب اسلم ملک کو لا لیگا کے نمائندوں سے ملنے کا موقع بھی ملا، جو کہ دنیا کی سب سے باوقار فٹ بال لیگز میں سے ایک ہے۔ملاقات میں کھیل بالخصوص فٹ بال کے فروغ کے لیے ممکنہ تعاون سے متعلق بات چیت ہوئی۔

دورے کے اہم مراحل میں سے ایک وزیر برائے آئی ٹی سے ملاقات تھا جس میں آئی ٹی بیسڈ تکنیکی سہولیات کی ترقی اور فروغ پر کھل کر تبادلہء خیال اور دوطرفہ تعاون پر بات چیت ہوئی۔ملاقات میں جناب چیئرمین نے دبئ کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کی خواہش ظاہر کی جس پر مثبت اور حوصلہ افزاء ردعمل سامنے آیا۔

### بہتری کی جانب ایک اور قدم

ایف ڈی ایچ چیئرمین کا گروپ سی او او سمیت دیگر اعلیٰ عہدیداران کے ہمراہ یہ دورہ دبئ کئی حوالوں سے اہم رہا۔جہاں پر مختلف شعبوں میں تعاون کے ساتھ ساتھ باقاعدہ معاہدے بھی زیر عمل آئے، اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے دنیا کے جدید ترین شہری ٹیکنالوجی سے آراستہ سہولیات کا عملی مشاہدہ بھی کیا۔یقیناً یہ دورہ کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی جیسے انقلابی منصوبوں کے لیے بہتری کی جانب ایک اور قدم ثابت ہوگا۔بہت جلد پاکستان بھی بلند معیار زندگی کی نئی طرز سے واقف ہونے جارہا ہے، بہتری کا سفر جاری ہے۔







# تعلیمی سہولیات

سمارٹ سٹی کی مینجمنٹ اپنے صارفین سے بہترین تعلیمی سہولیات کے اپنے وعدے اور خود سے وابسطہ توقعات پر پورا اُترنے کی مسلسل کوشش میں ہے۔ یہاں پرسکول سے لے کر یونیورسٹی ایجوکیشن تک کی بہترین سہولیات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ تا کہ سمارٹ سٹی میں بسنے والے ہمارے معزز رہائشوں کے ساتھ ساتھ اردگرد اور دور دراز کے لوگوں کے لیے بھی سمارٹ سٹی کی تعلیمی درسگاہیں اعلیٰ تعلیم کی بہترین سہولت بنیں۔

## سمارٹ سٹیم ایجوکیشن سسٹم

## (Smart STEM Education System)

دور حاضر اور مستقبل کی تعلیمی ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹیکنالوجی دوست تعلیمی نظام جیسا کہ امریکہ میں دو دہایوں قبل متعارف ہونے والا جدید تعلیمی نظام سٹیم ایجوکیشن (STEM) کو پاکستان میں بنیادی سطح سے لاگو کرنے کا سہرا صرف سمارٹ سٹی کے سر ہے ٹیکنالوجی دوست تعلیم کے ساتھ ساتھ فنی تعلیم (Skills) اور بہترین تربیت سے لیس سمارٹ سٹیم ایجوکیشن سسٹم ہماری سمارٹ سٹی کا ہی طرہ امتیاز ہے۔ یہ پاکستان میں پرائیویٹ سیکٹر میں یقیناً سب سے بڑا اور مستقبل سے جڑا بہترین تعلیمی نظام ہے۔ جہاں بہت مناسب فیس کیساتھ انتہائی جدید تعلیمی سہولیات ہر کیمپس میں میسر ہیں۔

## زیر تعمیر تعلیمی سکول کالجز (کیپٹل سمارٹ سٹی)

اس وقت جبکہ ہمارے معزز رہائشیوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہی ہوا ہے۔ یہاں پہلے سے جدید طرز پر ڈیزائن کیا گیا سمارٹ سٹیم ہائی سکول Overseas East-B سیکٹر میں سمارٹ سٹی کے اندر کھل چکا ہے۔ جہاں بہترین اساتذہ کے زیر سایہ پلے گروپ سے دسویں کلاس تک بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اسکے علاوہ گرلز اور بوائز کالجز کے علیحدہ کیمپس سیکٹر Overseas Prime میں تعمیر کے آخری مراحل میں ہیں اور انشاءاللہ یہاں بھی تعلیم و تدریس جلد شروع ہو جائے گی ۔اس کے ساتھ ساتھ ہمارے سیکٹر ، Executive District B میں جدید طرز پر زیر تعمیر ہائی سکول بھی تقریباً ایک سال میں انشاءاللہ تکمیل پا جائے گا۔ OS Central-1 میں ایک گرلز سکول اور کالج اس وقت زیر تعمیر ہے جو کہ انشاء اللہ یہاں کے رہائشیوں کے لیے بہت مددگار ثابت ہوگا۔

## تعلیمی درسگاہیں (لاہور سمارٹ سٹی)

یہاں لڑکیوں اور لڑکوں کے لئے پلے گروپ سے لیکر انٹرمیڈیٹ تک کی بہترین تعلیمی درسگا ہیں یعنی سمارٹ سٹیم سکول اینڈ کالج (گرلز اور بوائز) کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے۔ اور انشاءاللہ اگلے چندماہ میں یہاں بہترین تعلیم کا سلسلہ شروع کیا جائے گا۔ مستقبل کی تعلیمی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے سمارٹ سٹیم ایلیمنٹری سکول (پلے گروپ سے 7th کلاس تک) کے ایک جدید کیمپس کی تعمیر بھی جاری ہے۔

## تعلیمی درسگاہیں (رائل آرچرڈ پروجیکٹس)

کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی کی طرز پر رائل آرچرڈ ملتان، ساہیوال اور سرگودھا میں بھی تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہمارے ایجوکیشن پراجیکٹس مختلف مراحل میں ہیں۔

## خصوصی بچوں کی تعلیم

(A)۔ ہمارے ملک میں سپیشل چلڈرن کی تعلیم کے لیے بہترین درسگاہوں کا فقدان ہے۔ اسی ضرورت اور والدین کی مشکلات کو مدِنظر رکھتے ہوئے پرائیویٹ سیکٹر میں پاکستان بھر کی بہترین سپیشل چلڈرن اکیڈمی کیپٹل سمارٹ سٹی میں قائم کرنے کے لیے ڈیزائننگ کا کام آخری مراحل میں ہے۔

(B)۔ سپیشل چلڈرن کی تعلیمی ضروریات کے پیش نظر سمارٹ سپیشل چلڈرن اکیڈمی کی تعمیر جدید طرز پر کی جاری ہے انشاءاللہ سال 2024 تک یہ پاکستان کی بہترین سپیشل چلڈرن اکیڈمی کے طور پر کام کرتی درسگاہ ہوگی۔

## ٹیچر ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ

ہمارے تعلیمی نظام میں اساتذہ کی جدید خطوط پر تعلیم و تربیت کے علاوہ تربیت گاہوں کا بہت فقدان ہے۔ اسی اہم ضرورت کو مدِنظر رکھتے ہوئے National Teachers Training Institute کی ڈیزائننگ کی جاری ہے۔

## ہاسٹل برائے بیرون ملک سٹوڈنٹس

ہمارے نہایت معزز اوورسیز دوستوں کی ضروریات اور مطالبے کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید طرز پر اوورسیز گرلز اور بوائز کے الگ الگ ہاسٹلز کی ڈیزائننگ بھی اس وقت جاری ہے۔ امید ہے آئندہ ڈیڑھ سے دوسال میں یہ بہترین ہاسٹلز خاص طور پر ہمارے اوورسیز دوستوں کے پاکستان میں زیر تعلیم بچوں کے لئے بہترین سہولت کے طور پر موجود ہوں گے۔

## غریب بچوں کی تعلیم و تربیت (CSR)

(A)۔ CSR کی مد میں بھی اردگرد کے دیہاتوں کی نسبتاً پسماندہ آبادیوں کے لیے بھی اس وقت دو سکول کیپٹل سمارٹ سٹی میں کام کر رہے ہیں ۔جس میں ایک Zaha Hadid سکول الائٹ پاکستان کی کاوشوں سے تقریباً 50 کے لگ بھگ غریب بچے اور بچیوں کو گزشتہ دو سال سے مفت جدید تعلیم دے رہا ہے۔ اسی طرح ملحقہ علاقوں کی لڑکیوں کی ہنرمندی کے لیے Women Skills Development Center کا بھی تعلیمی سلسلہ ایک سال سے جاری ہے۔ یہاں سے ہمارے اردگرد دیہاتوں کی تقریباً ستر کے قریب بچیاں گزشتہ ایک سال میں تربیت لے کر اپنے ہنر کی بنیاد پر اپنے خاندان کی کفالت میں حصہ ڈال رہی ہیں۔ علاقہ کی اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیپٹل سمارٹ سٹی میں ایک جدید ہنرکاری مرکز (Skill Development Center) بھی قائم کیا جارہا ہے یہاں سے فارغ التحصیل طلبہ کے لیے سمارٹ سٹی میں اور اردگرد کے علاقوں میں نوکریوں کے بہترین مواقع بھی میسر ہونگے۔

(B)۔ CSR فیکٹر کو مدِنظر رکھتے ہوئے ایک Skills Development Center اور آؤٹ آف سکول Children کی تعلیمی درسگاہ بھی اسوقت ڈیزائن سٹیج پر ہیں۔

## یونیورسٹی لیول کی تعلیم

کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی کی لیڈرشپ پاکستان کی آئندہ نسل کو اعلیٰ تعلیمی سہولیات مہیا کرنا اپنا قومی فریضہ سمجھتی ہے اور اس اہم شعبہ میں بھی اپنا بہترین کردار ادا کر رہی ہے۔ لیڈرشپ کے اسی وژن کی تکمیل کے لیے پلاننگ سٹیج سے ہی بہترین تعلیمی درسگاہوں کو سمارٹ سٹی میں شامل اور ایجوکیشن ڈسٹرکٹ کو موٹروے اور رنگ روڈ کے بالکل قریب قائم کیا ہے، جہاں قومی اور بین الاقوامی سطح کے اہم ادارے قائم کیے جارہے ہیں ۔لیڈرشپ کی کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ آج نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اور نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز اپنے کیمپس یہاں بنانے کا فیصلہ کر چکی ہیں۔ اور یہ پراجیکٹس اس وقت پلاننگ اور ڈیزائننگ کے مختلف مراحل میں ہیں ۔اسکے علاوہ سمارٹ سٹی کی اپنی فیڈرل چارٹرڈ یونیورسٹی کا قیام بھی زیر عمل ہے۔ اعلیٰ تعلیم کی انہی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے جدید بین الاقوامی Tech یونیورسٹیز بھی سمارٹ سٹی میں اپنے کیمپس بنانے کی خواہشمند ہیں۔



# تھیم پارک

## جدت اور تفریح کا امتزاج

اسلام آباد جیسے متحرک اور خوبصورت شہر میں واقع ،کیپٹل سمارٹ سٹی محض ایک عام ہاؤسنگ پروجیکٹ نہیں، یہ ایک مکمل زندگی کے جدید تصورات و خیالات کا مرکز ہے۔ اس شاندار پروجیکٹ کی نمایاں خصوصیات میں سے ایک اس کا جدید ترین تھیم پارک ہے۔ یہ پارک نا صرف تفریحی مقام ہے بلکہ خوشی کے یادگار لمحات کی ایک جھلک بھی ہے۔

## سمارٹ سٹی تھیم پارک

سمارٹ سٹی تھیم پارک 2200 کنال پر مشتمل وسیع تفریحی مقام ہے، روڈ زنی طرز پر بننے والا یہ پارک منی ڈزنی بنے گا۔ پارک انٹرٹینمنٹ کا ایسا ذریعہ ہے جس کے اندر تھری اور فورسٹار ہوٹلز کے علاوہ تفریحی سہولیات کی اتنی بڑی رینج ہے کہ یہاں آنے والوں کے لیے ایک دن یا ایک گھنٹے میں مکمل پارک دیکھنا ناممکن ہے، لہٰذا، تھیم پارک کو ایکسپلور کرنے کے لیے ہی کم از کم تین دن چاہئیں ہوں گے۔ یوں یہ ایک ایسا بہترین انٹرٹینمنٹ سٹی بھی بنے گا جو اس سے پہلے پاکستان میں نہیں۔

## خصوصیات:

### جدید ترین رائیڈز اور پرکشش مقامات

تھیم پارک ہر عمر کے افراد کے لیے جدید ترین رائیڈز اور پرکشش مقامات کا مجموعہ ہے۔ سنسنی خیز رولر کوسٹرز سے لے کر ہلکے میری گوراؤنڈز تک، ہر ایک کے لیے کچھ نہ کچھ ضرور ہے۔ پارک میں تمام رائیڈز موجود ہوں گی جس میں 3 بڑی اور 20 کے قریب سمال رائیڈز اس پارک کا حصہ ہیں۔ یوں اس جگہ کل 100 کے قریب میڈیم اور سمال رائیڈز مہیا کی جا رہی ہیں۔ اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ کوئی بھی خاندان یہاں پر اپنی دیرپا یادوں کو محفوظ کرتے اور ایک ساتھ معیاری تفریح سے لطف اندوز ہوتے وقت گزارے۔

### ایڈونچر کی انتہا:

جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے کہ تھیم پارک کو دیکھنے والوں کو منفرد اور دلکش نظاروں کے درمیان تازگی بھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ پارک کے ہر حصے کا اپنا تھیم ہے، جو حیرت اور ایڈونچر کا احساس پیدا کرتا ہے۔ یہاں آپ بہترین فن پاروں سے لے کر مستقبل کے نظاروں تک مختلف دنیاؤں کو تلاش کر سکتے ہیں۔

### حیرت انگیز خوبصورتی

کیپٹل سمارٹ سٹی پاکستان کی خوبصورت ثقافت کا امین بھی بنے گا۔ تھیم پارک میں ثقافتی نمائشوں کی میزبانی کی جائے گی، جہاں مقامی فنکار، اداکار اور دستکار اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر سکتے ہیں۔ یہ تقریبات نا صرف تفریح کا سبب ہیں بلکہ قوم کی مختلف رنگوں کی خوبصورت ثقافت کی نمائش کا ذریعہ بھی ہے۔

### معیاری کھانا اور تفریح

تھیم پارک میں کھانے پینے کی مختلف سہولیات بھی موجود ہیں، جھیل پر بنے تھری اور فورسٹار ہوٹل جن میں مقامی پکوان سے لے کر بین الاقوامی کھانوں تک مزیدار کھانے آپکو اپنی خوشبوئیں بکھیرتے ملیں گے۔ یہاں کھانوں سے لطف انداز ہونے کے ساتھ؛ آپ کے لیے قدرتی خوبصورتی کے درمیان خاندان اور دوستوں کے ہمراہ آرام دہ اور خوشگوار وقت گزارنے کے بے شمار مواقع بھی ہیں۔

### وسعت و کشش

کیپٹل سمارٹ سٹی کے تھیم پارک کو آنے والے دنوں میں کسی قسم کی مزید جدت، خوبصورتی اور سہولت پیدا کرنے کی گنجائش کے ساتھ ڈیزائن کیا گیا ہے۔ توسیع کی یہی خصوصیت اشارہ ہے کہ پارک موجودہ اور آنے والی نسلوں کے لیے ہر وقت دلچسپی اور کشش کا عنصر رکھتا ہے

### ماحول دوستی

ماحولیاتی تحفظ یقینی بنانے کے لیے، تھیم پارک کو ماحول دوست بنیادوں پر قائم کیا جا رہا ہے۔ اس میں متبادل توانائی کے ذرائع کا استعمال، کوڑا کرکٹ کا سمارٹ انتظام اور پارک کے ڈیزائن میں سبزے اور قدرتی حسن میں ہم آہنگی کو اہمیت دی گئی ہے۔

### ایک کمیونٹی کا احساس

پارک کی تیاری میں خیال رکھا گیا کہ یہ سمارٹ سٹی کے رہائشیوں اور مہمانوں کو ایک کمیونٹی کا احساس دلائے۔ لوگوں میں یگانگت، سماجی رابطوں اور اسمارٹ سٹی کمیونٹی کے فروغ کے لیے باقاعدہ تقریبات، ورکشاپس اور انٹریکٹو پروگرامز کا اہتمام کیا جاتا رہے گا۔

مجموعی طور پر، سمارٹ سٹی کا تھیم پارک تفریحی سہولت سے بہت بڑھ کر ہے۔ یہ تفریح اور معاشرتی اقدار میں ہم آہنگی کی علامت اور بہتر کل کا جھروکا ثابت ہوگا۔ اپنی جداگانہ خصوصیات اور کل سے وابستہ پیش رفت کا حامل یہ پارک سی ایس سی میں توجہ کا مرکز بننے کے لیے تیار ہے، ایک ایسی جگہ جہاں خوشیاں، ثقافتی سرگرمیاں اور جدت کا ہر پہلو موجود ہے۔ منصوبہ اپنی تکمیل کے مراحل تیزی سے طے کر رہا ہے۔ جیسے سمارٹ سٹی ایک نئے عہد کی بنیاد ہے اسی طرح تھیم پارک اسکی جان ہے۔






















Lahore Smart City announces a revolutionary partnership forged with DP Architects at the iconic Tricon Tower. Embracing a standard of excellence, this collaboration is positioned to reshape the course of urban development, signifying a notable achievement in shaping the vision for Silicon Valley, Central Business District, and Financial Square.




In a remarkable synergy of innovation and opportunity, Capital Smart City proudly participated in the highly anticipated NUTECH Job Fair 2023. With an ambiance pulsating with excitement and the promise of groundbreaking opportunities, the stall became a focal point for enthusiastic job seekers, students, and professionals alike.





Today Nutech University's main campus at Capital Smart City's foundation stone was laid by PM Shahbaz Sharif along with respected federal cabinet members.
Eminent Chairman HRL Zahid Rafiq Sb and Group Chief Operating Officer Muhammad Aslam Malik Sb graced the ceremony .





Closing on our Day 3 at the Pak China Center!
A big thanks to all the people who joined us. Our momentous stalls captivated many eyes and sparkled many hearts with dreams & aspirations.




Another day of compassion and care at Capital Smart City's Free Medical Camp!
With the overwhelming response from the community, hundreds of locals were able to access much-needed healthcare services. Together, we continue to make a positive impact on lives, fostering health and well-being for all.




Lahore Smart City's brimming highlight was turned into a celebratory event by three of our strategic partners: United Green Marketing, AKT Properties, and Rehman Pioneers Real Estate. They joined hands to commemorate the grant of NOC for access to Lahore Smart City from Ring Road - a resounding testament to the continuously expanding horizons and ever-sprawling connectivity!





A groundbreaking symposium on the positive impact of smart cities on climate change took place at Ramada Hotel Islamabad. The event witnessed a distinguished lineup of speakers. Notably, foreign dignitaries from various embassies in Islamabad graced the occasion.
Together, these discussions inspired a shared commitment to fostering sustainable solutions for our planet.





In the face of our nation's socio-economic challenges, Capital Smart City proactively responded by adapting a relief recourse for its members and sales partners. We orchestrated an event, not primarily aimed at discussing diverse developmental facets and how we are still managing a fast-paced development considering overwhelming inflation and income/expense disparity, but to discuss current real estate issues and our sincere contributions as an individual entity.




Capital Smart City's collaboration with Axis Design Studio sets the stage for architectural marvels. With an MoU inked, they're all set to weave their expertise into a 20-storey masterpiece named Capital Loft, gracefully poised by Lake View Heights in Overseas East District.


CAPITAL
SMART CITY
WE ARE BUILDING A SMART PAKISTAN
THE
SMART
VILLAS
We know what you want...
BEST QUALITY
CUSTOM BUILT
BEST QUALITY
Capital Smart City now introduces
CAPITAL HILLS VILLAS
Built around an 18 Hole PGA Standard Golf Course on the terraces of the majestic hills, these Villas will be custom-built to suit your lifestyles. It's your home, so you should be making the right decision.
10 MARLA TO 4 KANALS VILLAS
Standard | Semi-furnished | Fully-furnished | Luxury-furnished
SURBANA JURONG SINGAPORE
HABIB RAFIQ (PVT.) LTD.
www.habibrafiq.com
FDH
Development
UK : +44 788 138 8270 & 80 | UAN : +92 51 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 SMART (76278)
www.smartcitypk.com
smartcitypk
smartcitypak
sales@smartcitypk.com
smartcitypk1
capitalsmartcity


CAPITAL
SMART CITY
WE ARE BUILDING A SMART PAKISTAN
SMART
LIFE STYLE
LA MER AND
LAKE VIEW TERRACES
FUN, JOY &
LUXURIOUS
LIFE
La-Mer
SHOP, DINE & PLAY
SURBANA JURONG SINGAPORE
HABIB RAFIQ (PVT.) LTD.
www.habibrafiq.com
FDH Development
UK : +44 788 138 8270 & 80 | UAN : +92 51 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 SMART (76278)
www.smartcitypk.com smartcitypk smartcitypak sales@smartcitypk.com smartcitypk1 capitalsmartcity